تیری خوشبو ہمیں سحر کی شمع ہے، جب کہ ہم جدا ہیں
ہم جہاں بھی رہیں تیرے پابند ہیں
ہم یہ کہتے ہیں جو تیری خوشبو کی سیج ... مہرِ تاباں پہ
اپنا سب کچھ گنوا کر تری سمت بادہ کشادہ چلے
اور کتنے ہیں جو تیرا رشتہ نبھانے کی پاداش میں ظلم سہتے رہے
اور کتنے ہیں جو آنکھ کھلنے سے اب تک تجھی پہ چلے
پر سبھی ایک دستے کی مانند ہیں
اے وطن کی ہوا
تیری رفتار کے سینکڑوں زاویے ہیں،
ہم نے دیکھا تجھے،
سرفروشوں کے پہلو میں اڑتے ہوئے
سرحدوں کی طرف آگے بڑھتے ہوئے
شہر و دیہات کے ہر در و بام پر جگمگاتے ہوئے،
دشمنوں کی طرف سنسناتے ہوئے

ہم نے دیکھا تجھے
خوف و دہشت سے پُر سرد تاریک سڑکوں پہ چلتے ہوئے
بے خطر گرم آنکھوں میں پلتے ہوئے

ہم نے دیکھا تجھے
اشک آلود گیلے دھوئیں میں لپٹ کر چمکتی نگاہوں سے رستے ہوئے
قطرۂ خونِ مظلوم بنتے ہوئے

ہم نے دیکھا تجھے
شہر در شہر زندانیوں کے لیے بین کرتے ہوئے
قصرِ سلطان کے آہنی گنبدوں سے سر پٹکتے ہوئے
اے وطن کی ہوا
تیری رفتار کے سینکڑوں رنگ ہیں،
کہ ترا راستہ تو وفا کے گلستاں، اخوت کے گیسو،
یقین اور محبت کی گلپوش راہوں، چمکتی پناہوں
کی جانب چلا تھا مگر تو بھی کون ہے
وادیٔ خار میں لے کے پھرتی رہی،
شیشۂ چشم پر ہر طرف زنگ ہے،
ہم تجھے اپنے بے سمت، کھلے سفر کی کتھا کیا سنائیں،
تجھے سب خبر ہے تجھے کیا بتائیں،
رودِ آغاز سے ہم ترے سنگ ہیں
منزلِ بے جہت کا الم ہے وہی
اور غم کے وہی زرد فرسنگ ہیں
اے وطن کی ہوا

آج کا دن ترا روزِ آغاز ہے،
اے ہماری مسافت کے آغاز و انجام سے آشنا
منزلوں کی جبینوں سے پردہ اٹھا
لیڈروں اور نعروں کی تقریر سے بے خبر، جب ابھی ننھے منے سے
معصوم بچے تھے ہم
اُس زمانے کی خوشبو کا نغمہ سُنا،
پھر وہ ماں سا مقدس، محبت بھرا نرم چہرہ دکھا
اے وطن کی [illegible] وطن کی ہوا

● امجد اسلام امجد

۱۴ اگست

——— ابن [illegible]

سلام کرتا ہوں چودہ اگست کو جھک کر
کہ اپنے ساتھ یہ لاتا ہے عیدِ آزادی
رہے یہ حشر تک کشورِ حسیں قائم
یہ دولت ہمیشہ رہے نویدِ آزادی

تحریکِ آزادی اور قیامِ پاکستان کا پس منظر

حافظ محمد اسلام

ہمارے حریف بھی ہمارا مسلم تشخص تسلیم کرتے ہیں

پاکستان کے قیام کا سب سے زیادہ نمایاں نادر پہلو یہ ہے کہ مسلمانوں اور دیگر فریقوں کے درمیان سیاسی تصفیہ کی غرض سے بات چیت اور مذاکرات کو حصولِ مقصد کے لیے ہمیشہ اولیت دی جاتی رہی۔ اور یوں پاکستان کی لڑائی جمہوری اور قانونی طریقوں سے لڑی جاتی رہی۔

غور کیا جائے تو یہ تصورات اور نظریات کی جنگ تھی۔ اور فریقین کے لیے موثر ترین حربہ کسی بھی خیال کی حمایت میں اتحاد کا مظاہرہ تھا۔ اس مظاہرے میں ڈسپلن کو بے حد اہمیت حاصل تھی، اور سیاسی قائدین اس بات کا بڑا خیال رکھتے تھے کہ ان کے سیاسی موقف کی حمایت میں عوامی رائے عامہ کا مظاہرہ اپنی پوری شدت کے باوجود پرامن رہے اور ڈسپلن برقرار رہے۔

جہاں تک مذاکرات کا تعلق تھا، ان میں بسا اوقات پیچیدگیاں اور الجھنیں محض اس لیے پیدا ہوتیں کہ مسلمانوں کے سیاسی حریفوں نے عملی سیاست میں ڈٹ کر قلابازیاں کھانے کی کوششیں کیں۔ اور مسلم قیادت کو جوابی کارروائی کرنی پڑی۔ اکثر تصفیے اسی وجہ سے نہیں ہو سکے۔ برصغیر کی ہند مسلم بنیاد پر تقسیم کے بعد بھی ملکی قومی فریقوں کے درمیان مذاکرات ہی مسائل طے کرنے کا مسلمہ ذریعہ ہیں اور برصغیر میں آئندہ امن یا جنگ کا انحصار بھی پاکستان اور بھارت کی بات چیت پر ہے۔ اس لیے اس مضمون میں پاکستان کے قیام کے لیے مذاکرات کا مختصر سا جائزہ پیش کیا جائے گا تاکہ ایک طرف ماضی کی تاریخ کی اہم باتیں ذہنوں میں تازہ ہو جائیں اور دوسری طرف ہمیں اپنے حریفوں کے مزاج کو سمجھنے میں مدد ملے اور ہم آنے والے واقعات کا اندازہ لگا سکیں۔

برصغیر میں سیاسی اعتبار سے تین بڑے فریق تھے۔

(۱) انگریز حکومت (۲) ہندو (۳) مسلمان۔

تینوں فریقوں کی نمائندگی مختلف اوقات میں مختلف اشخاص کرتے رہے لیکن برصغیر کی تقسیم کے لیے مذاکرات آخری مرحلوں میں برطانوی حکومت کی طرف سے اس زمانے کے وزیر ہند لارڈ پیتھک لارنس، وزیر خزانہ سر اسٹیفورڈ کرپس، وائسرائے لارڈ ویول اور وائسرائے لارڈ ماؤنٹ بیٹن کی شخصیتیں نمایاں رہیں۔ ہندوؤں کی طرف سے گاندھی جی، جواہر لال نہرو، سردار پٹیل پیش پیش رہے۔ مسلمانوں کی طرف سے قائد اعظم محمد علی جناح، قائد ملت لیاقت علی خان اور سردار عبدالرب نشتر یہ فرائض انجام دیتے رہے۔

مذاکرات میں حصہ لینے والے برطانوی لیڈروں کے ذہانت انگلستان میں مسلمہ تھی۔ سر اسٹیفورڈ کرپس سمجھے ہوئے سیاستدان تھے اور قانونی موشگافیوں میں یدطولیٰ رکھتے تھے۔ وہ بھی تھم پر چھائے رہتے تھے۔ آخری دور میں لارڈ ماؤنٹ بیٹن نے مرد میدان کا کردار ادا کیا۔

ہندو لیڈروں میں گاندھی جی ایسی شخصیت تھے جن کے رویے کا صحیح اندازہ بہت مشکل کام تھا۔ گفتگو، بیانات اور مراسلات میں ان کے فقرے مبہم ہوتے تھے جن کی تاویلات میں بڑی گنجائش ہوا کرتی تھی۔ جواہر لال نہرو اگرچہ رواں شستہ گفتگو کرتے تھے لیکن ان کے فقرے جذبات غالب ہوا کرتی تھی۔ اپنی جذباتیت کی وجہ سے وہ ہندو عوام میں مقبول تھے، مگر خواص اور لیڈروں کے لیے پریشانی کا سبب رہتے تھے۔ سردار پٹیل عملی انسان تھے۔ بہت کم بولتے تھے لیکن صاف گو انسان تھے۔ مذاکرات میں اگر ہندو قوم کی طرف سے انہیں نمائندگی کا موقع دیا جاتا منصوبے کو مان لیتے گا۔ اپنے مخصوص الیعاد منصوبے پر عمل میں شریک کیا جائے گا۔ ورنہ عبوری حکومت میں سے نظرانداز کر دیا جائے گا۔

ادھر سر اسٹیفورڈ کرپس نے اندرون خانہ گاندھی جی اور

یوم آزادی پاکستان اور عید ملن ڈنر

پاکستان اسٹوڈنٹ گروپ کی جانب سے یوم پاکستان اور عید الفطر کے موقع پر شیریٹن سنٹر ہوٹل ٹورانٹو میں ڈنر اور موسیقی کا انتظام کیا جا رہا ہے۔ جس میں حلال گوشت سے تیار شدہ کھانے پیش کیے جائیں گے۔ اپنی سیٹ ۲۴ اگست سے پہلے بک کروائیے۔ مزید معلومات کے لیے فون کیجیے۔

921-8145

Ontario's new 30% incentive to invest in small business

چھوٹے کاروبار کی ترقیاتی کارپوریشن کا پروگرام

یہ نیا پروگرام چھوٹے کاروبار میں نجی سرمایہ کاری کی حوصلہ افزائی کے لیے بنایا گیا ہے۔
جو سرمایہ کار ان کارپوریشن کے حصے خریدیں گے ان میں سے افراد کو تیس فیصد گرانٹ اور کمپنیوں کو تیس فیصد ٹیکس کریڈٹ دیا جائے گا۔ یہ ایک سیدھا سادہ آسان طریقہ کار ہے۔ انٹاریو کی وزارت خزانہ میں اب اس کے لیے درخواستیں دی جا سکتی ہیں۔

چھوٹے کاروبار کی ترقیاتی کارپوریشن بنانے کا طریقہ کار

کوئی فرد، کمپنی یا چند افراد مل کر یہ کارپوریشن بنا سکتے ہیں اور اس کے ذریعے چھوٹے کاروبار میں سرمایہ کاری کر سکتے ہیں۔ اگر کچھ شرائط اس سلسلے میں پوری کر لی جائیں۔

ہم سے پوچھیے

وزارت خزانہ کے کارکن یہ طریقہ کار سمجھانے کے لیے ہر وقت تیار ہیں۔ اگر آپ کو مزید معلومات یا مدد کی ضرورت پیش آئے تو انٹاریو میں کہیں سے بھی ہمارے دفتر معلومات کو ذیل کے نمبروں پر COLLECT کال کریں۔

- میٹرو ٹورانٹو میں 965-8470
- 807 ایریا کوڈ کے علاقے میں آپریٹر سے ZENITH 8-2000 کی درخواست کیجیے
- دوسرے تمام علاقوں میں 1-800-268-7121 ڈائل کیجیے۔

Lorne Maeck,
Minister of Revenue
Frank Miller,
Treasurer of Ontario
Larry Grossman
Minister of Industry and Tourism

Ontario

ہفت روزہ
کریسنٹ
انٹرنیشنل
ٹورنٹو کینیڈا

أَلَا إِنَّ أَوْلِيَاءَ اللَّهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ ۝

سن رکھو کہ جو خدا کے دوست ہیں ان کو نہ کچھ خوف ہوگا اور نہ وہ غمناک ہوں گے

یہ دلوں کی نظریاتی تقسیم تھی

۱۹۴۷ء اور ۱۹۷۱ء میں فرق یہ تھا کہ ۴۷ء میں مسلمانوں کی قیادت میں پہاڑ جیسا عزم پایا جاتا تھا۔ ہم نے جنگ آزادی لڑی اور جیت لی۔ ۷۱ء میں جب اس نظریاتی تقسیم کے معنی جاری آنکھوں میں دھندلے پڑ گئے تو پورے ساز و سامان سے لڑی ہوئی جنگ ہار گئے اور ملک چاروں طرف سے تابڑ توڑ حملوں کی زد میں تھا۔ ایسے میں افغانستان کی قیادت کو بڑہ راست پاکستان میں فوجی مداخلت کی جرأت تو نہ ہوئی مگر اس کی توقعات یہی تھیں کہ پاکستان کے سرحدی علاقوں میں بنگلہ دیش کی سی صورت حال پیدا ہو جائے گی۔ سرحد اور بلوچستان خود بخود کٹ جائیں گے۔ کابل کے ذرائع میں ایک خفیہ ریڈیو اسٹیشن دن رات زہر اگلنے پر کمربستہ رہا اور ہر وہ ذریعہ بروئے کار لایا گیا جس سے پاکستان کے مغربی حصے میں نفرت اور حقارت کی وہ لہر ہی فضاء جنم لے سکے جس فضاء کو ہندوؤں نے مشرقی حصے میں آشیرباد دی تھی۔

مگر تاریخ ہمیشہ اسلام کی گواہ رہے گی کہ ذرہ ذرہ خیبر سے کراچی کے ساحل تک مغربی حصے میں ہر صوبہ کے عوام نے یک جہتی کا ثبوت دیا اور خصوصاً سرحد اور بلوچستان کی وادیوں میں بسنے والے عوام خواہ کتنے ہی بھولے بھالے سہی مگر انہیں ورغلایا نہیں جاسکا۔ مزید اپوزیشن اور کامذہبی کی تعلیمات ایمان کی روشنی ہے۔ معتوز اسمبلیوں پر اثر انداز نہ ہو سکی۔ بطور آزادی کا چراغ بدستور جلتا رہا اور تاریخ اس بات کی بھی شاہد رہے گی کہ پاکستان کے سینہ کو تکلیف پہنچے خواہ کتنا ہی تعلق کیوں نہ کر دیا جائے وہ پھر بھی اتنا کشادہ ہے کہ اپنے ہمسایہ ملکوں کے ستم رسیدہ مسلمانوں کو گلے سے لگانے کے لیے ہمیشہ تیار رہے گا۔ آج بھی مادر وطن نے ایک بار پھر ڈیڑھ لاکھ مظلوم مسلمانوں کو ممتا بھرے انداز میں اپنے دامن میں جگہ دے کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان کی سرحدیں دلوں کو تقسیم نہیں کرتیں بلکہ مشرق وسطیٰ میں جارحیت کے خلاف مسلمانوں کا آخری حصار ہے۔ کیا یہی اقبال کا خواب نہیں تھا؟

۴۷ء میں ہندوستان کے طول و عرض سے جس طرح آزادی کی مہک لاکھوں پروانوں کو پاک سرزمین کی طرف کھینچ لائی تھی وہی حال آج وزیرستان اور چترال کی سرحدوں پر ہو رہا ہے۔ بے خانماں مہاجرین کے لٹے ہوئے قافلے قدرت کی ان حسین و جمیل وادیوں میں آ چھپے اور سسکیاں بکھیر رہے ہیں اور جن کے زخموں سے رستے خون کی لکیریں کابل کے ایوانوں تک پہنچاتی ہیں۔ عالمی رائے عامہ خاموش ہے۔ عالم اسلام لاتعلق ہے اور ماسکو باز و کے اختیار پسند یہ اصرار کر رہے ہیں کہ یہ تو افغانستان کا داخلی معاملہ ہے۔ ڈیڑھ لاکھ کے اس مظلوم ہجوم کو آگ اور خون میں دوبارہ دھکیل دیا جانا چاہیے۔

مگر حساس ذہن یہ سوچ سوچ کر لرز اٹھتے ہیں کہ پچاس ہزار افغان مسلمانوں کو کس لیے ذبح کیا گیا۔ اس لیے کہ وہ آزادی پسند مسلمان تھے۔ ۴۷ء میں ہم نے بھی کچھ ایسی ہی قیمت ادا کر کے آزادی حاصل کی تھی۔ کیا اس آزادی کے تحفظ کے لیے ۷۱ء کی طرح ہمارے قدم ڈگمگا تو نہیں رہے۔ ہر سال ۱۴ اگست اس فکر کی دعوت دیتا ہے ——!

حسنی ڈڈرانسٹوم

روزہ مسلمانوں کو بدی کی طاقتوں سے لڑنے کے قابل بناتا ہے

رمضان کی فضیلت

سلمان فارسیؓ سے روایت ہے۔ آپ نے کہا کہ شعبان کی آخری تاریخ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیا جس میں فرمایا "اے لوگو! ایک بڑی عظمت والا اور برکت والا مہینہ قریب آگیا ہے۔ وہ ایسا مہینہ ہے کہ جس کی ایک رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ نے اس مہینے میں روزہ رکھنا فرض قرار دیا ہے اور اس مہینے کی راتوں میں تراویح پڑھنا نفل کر دیا ہے یعنی فرض نہیں ہے بلکہ سنت ہے جس کو اللہ تعالیٰ پسند فرماتا ہے۔ جو شخص اس مہینے میں کوئی ایک نیک کام اپنے دل کی خوشی سے بطور خود کرے گا تو وہ ایسا ہوگا جیسے کہ رمضان کے سوا اور مہینوں میں فرض ادا کیا اور جو اس مہینے میں فرض ادا کرے گا تو وہ ایسا ہوگا جیسے کہ رمضان کے سوا دوسرے مہینے میں کسی نے ستر فرض ادا کئے اور یہ صبر کا مہینہ ہے اور صبر کا بدلہ جنت ہے اور یہ مہینہ معاشرہ کے غریب اور حاجت مندوں کے ساتھ مالی ہمدردی کا مہینہ ہے۔

صبر کا مہینہ ہونے سے مطلب یہ ہے کہ روزہ داروں کے لیے مومن کو خدا کی راہ میں بے جنے اور اپنی خواہشات پر قابو پانے کی تربیت دی جاتی ہے۔ آدمی ایک مقررہ وقت سے لے کر دوسرے مقررہ وقت تک اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق نہ کھاتا ہے اور نہ پیتا ہے اور نہ بیوی کے پاس جاتا ہے اس سے اس کے اندر خدا کی اطاعت کا جذبہ پیدا ہوتا ہے اس سے اس بات کی مشق ہوتی ہے کہ موقع پڑنے پر وہ اپنے جذبات اور خواہشات پر اور اپنی بھوک پیاس پر قابو رکھ سکتا ہے۔ دنیا میں مومن کی مثال میدان جنگ کے سپاہی کی سی ہے جسے شیطان اور بدی کی طاقتوں سے لڑنا ہے اگر اس کے اندر صبر کی صفت نہ ہو تو ہلکے سے ابتلا ہی میں اپنے آپ کو دشمن کے حوالے کر دے گا۔

"ہمدردی کا مہینہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ روزہ دار جن کو اللہ تعالیٰ نے کھاتا پیتا بنایا ہے ان کو چاہیے کہ بستی کے حاجت مندوں کو خدا کے دیئے ہوئے انعام میں شریک کریں اور ان کی سحری اور افطار کا انتظام کریں۔ اصل حدیث میں "مواساۃ" کا لفظ آیا ہے جس کے معنی ہیں، مالی ہمدردی کرنا جس میں زبانی ہمدردی بھی شامل ہے۔

قیام رمضان کا اجر —— مغفرت

جس شخص نے ایمانی کیفیت کے ساتھ اور اجر آخرت کی نیت سے رمضان کے روزے رکھے تو اللہ تعالیٰ اس کے ان گناہوں کو معاف کر دے گا جو پہلے ہو چکے ہیں۔ جس نے رمضان کی راتوں میں ایمانی کیفیت اور اجر آخرت کی نیت کے ساتھ نماز تراویح پڑھی تو اس کے ان گناہوں کو اللہ تعالیٰ معاف کر دے گا جو پہلے ہو چکے ہیں۔

روزہ کے مفسدات

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ ڈھال ہے اور جب تم میں سے کسی کے روزے کا دن ہو تو اپنی زبان سے فحش بات نہ نکالے اور نہ شور و ہنگامہ کرے اور اگر کوئی اس سے گالم گلوچ کرے یا لڑائی پر آمادہ ہو تو اس روزے دار کو سوچنا چاہیے اور یاد کرنا چاہیے کہ میں تو روزے دار ہوں تو بھلا میں کس طرح گالی دے سکتا اور لڑ سکتا ہوں)۔

روزہ کی شفاعت

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ روزہ اور قرآن دونوں بندے کے لیے سفارش کریں گے۔ روزہ کہے گا: اے میرے رب! میں نے اس شخص کو دن میں کھانے اور دوسری لذتوں سے روکا تو یہ رکا رہا۔ تو اے میرے رب! اس شخص کے بارے میں میری سفارش قبول کر۔ اور قرآن کہے گا کہ میں نے اس کو رات کو سونے سے روکا اور یہ میٹھی نیند چھوڑ کر نماز میں قرآن پڑھتا رہا تو اے خدا، اس شخص کے بارے میں میری سفارش قبول فرما۔ تو اللہ تعالیٰ ان دونوں کی سفارش کو قبول فرمائے گا۔

روزے کی روح

"رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ جس شخص نے روزہ رکھنے کے باوجود جھوٹ بات کہنا اور اس پر عمل کرنا نہیں چھوڑا تو اللہ کو اس سے کوئی دلچسپی نہیں کہ وہ بھوکا اور پیاسا رہتا ہے۔"

یعنی روزہ رکھوانے سے اللہ تعالیٰ کا مقصود انسان کو نیک بنانا ہے اگر وہ نیک نہیں بنا اور جھوٹ اور اس نے اپنی زندگی کی عمارت نہ اٹھائی۔ رمضان میں بھی ناحق اور باطل بات کہتا اور کرتا رہا اور رمضان کے باہر بھی اس کی زندگی میں سچائی نہیں دکھائی دی تو ایسے شخص کو سوچنا چاہیے کہ وہ آخر کیوں صبح سے شام تک کھانے اور پینے سے رکا رہا۔

اس حدیث کا مقصد یہ ہے کہ روزہ دار کو روزہ رکھنے کے مقصد اور اس کی اصل روح سے واقف ہونا چاہیے اور ہر وقت اس بات کو ذہن میں تازہ رکھنا چاہیے کہ کیوں کھانا پینا چھوڑ رکھا ہے۔

گناہوں کا کفارہ —— نماز، روزہ اور زکوٰۃ

"حضرت حذیفہؓ نے کہا کہ میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے سنا کہ آدمی جو کچھ اپنے گھر والوں اور مال اور پڑوسی کے سلسلے میں غلطی کرتا ہے۔ نماز، روزہ اور صدقہ ان غلطیوں کا کفارہ بنتے ہیں۔"

مطلب یہ کہ آدمی اپنے بیوی بچوں کی خاطر گناہ میں پڑ جاتا ہے۔ اسی طرح تجارت میں اور پڑوسی کے سلسلے میں بالعموم کوتاہی ہو جاتی ہے تو ان عبادات کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ ان کوتاہیوں کو معاف فرما دے گا بشرطیکہ گناہ جان بوجھ کر نہ کئے گئے ہوں۔ بلکہ ہو گئے ہوں۔

ریاء سے پرہیز

"حضرت ابو ہریرہؓ نے ارشاد فرمایا، آدمی جب روزہ رکھے تو چاہیئے کہ تیل لگائے اس پر روزے کا اثر و نشان دکھائی نہ دے۔"

حضرت کا مطلب یہ ہے کہ روزہ دار کو چاہیئے کہ اپنے روزے کی نمائش سے بچے۔ نہا دھو لے، تیل لگائے تاکہ روزے کی وجہ سے پیدا ہونے والی سستی اور اضمحلال دور ہو جائے اور ریاکاری پیدا ہونے کا دروازہ بند ہو جائے۔

سحری کی تاکید

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے فرمایا سحری کھا لیا کرو اس لئے کہ سحری کھانے میں برکت ہے۔

مطلب یہ کہ سحری کھا کر روزہ رکھو گے تو دن آسانی سے کٹے گا۔ خدا کی عبادت اور دوسرے کام ٹھیک ہو سکیں گے اور سستی نہ آئے گی۔ سحری نہ کھاؤ گے تو بھوک کی وجہ سے سستی اور کمزوری آئے گی۔ عبادت میں جی نہ لگے گا۔ اور یہ بڑی بے برکتی کی بات ہے چنانچہ دوسری حدیث میں فرمایا: دن کو روزہ رکھنے میں سحری سے مدد لو اور تہجد کے لئے اٹھنے میں دن کے قیلولے سے مدد لو۔

تعجیل فی الافطار کی تاکید

سہل بن سعدؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا لوگ بھلائی اور اچھی حالت میں رہیں گے جب تک افطار کرنے میں جلدی کریں گے۔

مطلب یہ کہ یہود کی مخالفت کرو۔ وہ اندھیرا ہو جانے کے بعد روزہ کھولتے ہیں تو اگر تم افطار جلدی کرو گے اور یہود کی پیروی نہ کرو گے تو یہ اس بات کی علامت ہوگی کہ تم دین کے لحاظ سے اچھی حالت میں ہو۔

اس فیصلہ سے متفق نہ ہوں، اور ہم میں سے بعض کو نظر نہ آتی ہوں، لیکن میرے خیال میں اس کے سوا اور کوئی حل نہ تھا۔ ہو سکتا ہے کہ مستقبل کی تاریخ کا فیصلہ اس کے حق میں ہوگا۔ اور اس سے زیادہ یہ کہ ...

جانے کا عملی تجربے سے یہ بات واضح ہو جائے گی کہ ہندوستان کے آئینی مسئلہ کا حل سوائے تقسیم کے اور کچھ نہ تھا۔ متحدہ ہندوستان کا تخیل ہرگز قابل عمل نہ ہوتا، اور میری رائے میں وہ ہمیں زبردست تباہی کی طرف لے جاتا۔

خطبہ صدارت مجلس دستور ساز ۱۱ اگست ۱۹۴۷ء

•• ہندوستان تقسیم ہو چکا۔ یہ تقسیم ہونا ہی تھا۔ یہ تقسیم اکثریت اور ناقابل تسلیم ہے ایسے ان کو شدید احساس ہے کہ اب عظیم آزاد اور خود مختار اسلامی مملکت کے قیام میں بڑے بے انصافیاں کی گئی ہیں۔ جتنا زیادہ سے زیادہ وہ ہمیں مجبور کر سکتے تھے کیا گیا ہے۔ اور آخری ضرب جو انہوں نے لگائی وہ باؤنڈری کمیشن کا ایوارڈ ہے۔ یہ ایوارڈ غیر منصفانہ، ناقابل فہم اور گمراہ کن ہے۔ یہ ایوارڈ غلط، غیر منصفانہ اور گمراہ کن سمجھتا ہوں... انصاف ہونے کی بجائے جس پر سیاست ... نے پیدا ہونے سے ... کر چکے ہیں۔ اور اب ہم ... کے پابند ہیں۔

ریڈیو تقریر ۳۰ اکتوبر ۱۹۴۷ء

پاکستان کیوں؟

لوگ ایسے ہیں جو ہندوستان کی تقسیم اور بنگال و پنجاب کے بٹوارے سے پوری طرح متفق نہیں ہیں۔ اس کے خلاف بہت کچھ کہا جا چکا۔ لیکن اب جبکہ یہ فیصلہ تسلیم کر لیا گیا ہے ہم سب کا فرض ہے کہ اس پر نہایت وفاداری اور سچے دل سے قائم رہیں، اور اس معاہدہ پر جو اب تقسیم کے سلسلہ میں ہے اور جس کی پابندی ہم سب پر لازم ہے، با عزت طریقہ سے عمل پیرا ہوں۔ جہاں ایک جماعت اکثریت میں ہے اور دوسری اقلیت میں ہر ملک میں دونوں جماعتوں کے افراد کے جذبات کا جو اس کا اندازہ آسانی سے لگایا جا سکتا ہے کہ ... سوال یہ ہے کہ اس وقت جو کچھ ہو گیا ہے، کیا اس کے علاوہ کوئی اور فیصلہ ممکن اور قائم ہو سکتا تھا؟ تقسیم تو ہر حال ہونی تھی۔ ہندوستان اور پاکستان دونوں مملکتوں میں ایک ایسا طبقہ ہے جو شاید ...

اتحاد۔ ایمان۔ نظم و ضبط

قائد اعظم نے فرمایا

آزادی کے پورے ۲۹ سال گزر جانے کے باوجود بعض تاریک خاطر لوگ کے اذہان میں تخلیق پاکستان اور تقسیم برصغیر کے بارے میں شکوک و شبہات پیدا کرنے کی مذموم کوشش میں مصروف ہیں اور نئی نسل کی ذہنی الجھن کا باعث بن رہے ہیں۔ حالانکہ برصغیر کی تقسیم، امت کے بیدار ضمیر، بانیان پاکستان کے اجتماعی شعور کا حاصل اور ناگزیر حقیقت تھی۔ بانی پاکستان حضرت قائد اعظم نے قیام پاکستان کے بعد جو ارشادات فرمائے ان سے اس کی شرح ہو جاتی ہے۔

•• یہ معلوم ہے کہ ہم پہلے ...

۱۴ اگست

برسوں ہم نے ظلم سہے ہیں برسوں ہم نے رنج اٹھائے
برسوں زخمی سینے تانے ہر ظالم سے ہم ٹکرائے
برسوں لوٹے انگاروں پر برسوں ہم نے اشک بہائے
برسوں ہم نے خون جگر سے آزادی کے دیپ جلائے
برسوں ہم نے سر ٹکرائے زنداں کی دیواروں سے
برسوں دار و رسن کو چوما برسوں الجھے خاروں سے
برسوں بوجھل زخمی پاؤں لے کر ہم پابند سلاسل
چلتے رہے ہیں گرتے پڑتے بڑھتے رہے ہیں جانب منزل

اس جانب اک ملت ہے جس اور ادھر انگریز سیاست
اس جانب اک مرد مجاہد اور ادھر بنیوں کی قیادت
آخر سب گرمات ہوں اور قائد اعظم جیت گئے
ظلم کی اندھی رات کٹی اور رنج کے لمحے بیت گئے
آج نفس ٹوٹا برسوں کا آج کے دن تقدیر بدل ہے
آج کٹے تھے بند غلامی آج کے دن زنجیریں ٹوٹیں
کل اک خواب تھا دیوانے کا، کل اک جو مجذوب کی بڑ تھی
آج وہ دنیا کے نقشے پر ایک حقیقت بن کے ابھرا

آغا افضل ذرانی

پاکستان نے غیر جانبدار سربراہ کانفرنس میں شمولیت کیلئے کیوبا کی دعوت قبول کر لی

صدر کاسترو کا دعوت نامہ جنرل ضیاء کو پہنچا دیا گیا۔ باقاعدہ جواب بعد میں بھیجا جائیگا کیوبا کی جانب سے پاکستان کی شمولیت کا خیر مقدم

پاکستان غیر جانبدار تحریک میں گرانقدر کردار ادا کرے گا۔ صدر کاسترو

کانفرنس میں مشرق وسطیٰ، فلسطین سمیت اہم بین الاقوامی معاملات پر غور کیا جائے گا۔ ترجمان

اسلام آباد ــــــ (پی پی آئی) پاکستان کو ہوانا میں ہونے والی غیر جانبدار ملکوں کی سربراہ کانفرنس میں رکن کی حیثیت سے شرکت کی باقاعدہ دعوت دی گئی ہے۔ دفتر خارجہ کے ایک ترجمان نے آج یہاں بتایا کہ صدر محمد ضیاء الحق نے کیوبا کے سربراہ مملکت فیڈل کاسترو کی طرف سے ...

مسائل شامل ہیں جن کانفرنس میں بین الاقوامی اقتصادی نظام اور ... کانفرنس غیر جانبدار تحریک کے کردار ... پالیسی ...

آئندہ انتخابات میں عوام کو سیاہ چادر سے گمراہ نہیں کیا جا سکے گا۔ بیگم نسیم ولی

لوگوں کا حافظہ اتنا کمزور نہیں کہ وہ لمبی لسٹ یا پارٹیاں اور ظالم و مظلوم کا فرق بھول جائیں
آئندہ تین اتحاد ہوں گے۔ دو دائیں اور بائیں بازو کے انتہا پسندوں کے اور تیسرا اعتدال پسندوں کا

کراچی ــــــ (مشان) نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی کی سیکرٹری جنرل بیگم نسیم ولی خان نے اس تاثر کو غلط قرار دیا ہے کہ آئندہ انتخابات میں لوگ سیاہ چادر سے متاثر ہو کر پیپلز پارٹی کو ووٹ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کا حافظہ اتنا کمزور نہیں کہ وہ دو سال ... کے ظلم اور اس سے نجات حاصل کرنے کے لئے ... بھول جائیں۔ ...

بیگم نصرت اور ان کی صاحبزادی کی سیاہ چادر ... انہوں نے کہا کہ آئندہ انتخابات کے بارے میں کہا کہ اس بار ... تین اتحاد ہوں گے۔ دو اتحاد دائیں اور بائیں بازو کے انتہا پسندوں پر مشتمل ہوں گے جبکہ تیسرے اتحاد میں اعتدال پسند پارٹیاں شامل ہوں گی ... شریک ہوں گی کیونکہ انتہا پسند پارٹیوں کے بعد ... اعتدال پسند پارٹیوں کے راہنما ... ہیں۔

بھٹو کے مشن کو جاری رکھوں گی: بے نظیر

لاڑکانہ ــــــ (پی پی پی) پیپلز پارٹی کی رہنما بے نظیر بھٹو نے کہا ہے کہ وہ پارٹی کارکنوں کی مدد سے اپنے والد کے مشن کو جاری رکھیں گی۔ وہ یہاں ... ایک وفد سے باتیں کر رہی تھیں۔ ... اور پر خلوص کارکنوں کی ہدایت کی پیروی کریں ... حالات میں بھی پیپلز پارٹی کے ساتھ رہے ہیں۔

غیر ممالک میں رہنے والے پاکستانی ۲۵ لاکھ روپے تک کی صنعتی سرمایہ کاری کر سکتے ہیں

ناقابل واپسی غیر ملکی سرمایہ کاری کی سکیم عنقریب رائج کر دی جائیگی

اسلام آباد ــــــ (اے پی پی) سرکاری حلقوں نے آج بتایا ہے کہ حکومت "ناقابل واپسی غیر ملکی سرمایہ کاری" کے تحت پاکستان میں صنعتیں لگانے کی سکیم میں بعض ترمیمات کر رہی ہے۔ اس سکیم کے تحت جس کا اعلان اس سال کے شروع میں کیا گیا تھا، غیر ممالک میں رہنے والے پاکستانی اور دوسرے لوگ ۲۵ لاکھ روپے تک کی رقم لگا سکتے ہیں۔ بشرطیکہ یہ سرمایہ حکومت کے متعلقہ اداروں کی منظوری کے بغیر پاکستان سے باہر نہ لے جایا جا سکے۔ اس پر ۲۵ لاکھ روپے کی سرمایہ کاری زر مبادلہ یا مشینری کی درآمد کی صورت میں ہوگی۔ ... یہ قدم اس لئے اٹھایا گیا ہے کہ غیر ممالک میں رہنے والے پاکستانیوں کو ملک میں سرمایہ کاری کی ترغیب دی جائے ... اس سکیم کو گزشتہ اپریل میں کابینہ نے منظور کیا تھا ... ناقابل واپسی سرمایہ لگانے ...

بعد درآمد و برآمد کے چیف کنٹرولر نے اس میں کچھ خامیاں محسوس کی تھیں۔ سرکاری ذرائع نے بتایا ہے کہ ناقابل واپسی غیر ملکی سرمایہ کاری کی سکیم واپس نہیں لی گئی۔ اس میں کچھ ترمیم کی ضرورت تھی جو کر دی گئی ہے۔ چنانچہ اب سرمایہ کار اس سکیم کے تحت جلد ہی پاکستان میں صنعتیں قائم کر سکیں گے۔

بیرون ملک کام کرنے والے کشمیریوں کو سرمایہ کاری کی ہر سہولت دی گئی ہے: چشتی

مظفر آباد ــــــ (پی پی آئی) آزاد کشمیر کے ... لیفٹیننٹ جنرل فیض علی چشتی نے کہا ہے کہ بیرون ملک کام کرنے والے آزاد کشمیر کے لوگوں کو آزاد کشمیر میں صنعتی سرمایہ کاری کی تمام سہولتیں مہیا کر دی گئی ہیں۔

پاکستان نے بھارتی طیارہ واپس کر دیا

لاہور ــــــ (اے پی پی) پاکستان نے آج بھارت کو وہ طیارہ واپس کر دیا جو ایک ہفتے قبل ... اغوا کر کے لاہور لایا گیا تھا ...

متناسب نمائندگی کا نظام ــ مغربی جرمنی کے بعد پاکستان میں



مشاہدہ میں آیا ہے کہ سادہ متناسب نمائندگی کے نظام کے مقابلے میں ... بیشتر ... متناسب نمائندگی ...

[illegible]

معاشی مسائل کے حل کیلئے اقتصادی ڈھانچے میں بنیادی اور انقلابی تبدیلی ضروری ہے پروفیسر خورشید

بجٹ میں تبدیلی سے ثابت ہو گیا ہے کہ بجٹ بنانے والوں نے اپنا کام صحیح طرح نہیں کیا صدر نے تنقید کے بعد محاصل کو جزوی طور پر تسلیم کر لیا ایک ... کرکے زکوٰة عائد کرنا صحیح سمت میں ایک قدم ہے

صدر کے اقدامات پاکستان جیسے غریب ملک کے لئے ناکافی ہیں

نئی ٹیکس کا بوجھ پاکستان میں بھارت کے مقابلے میں دو گنا ہوگیا ہے بجٹ پر صدر کا ردعمل مایوس کن ہے

وزارت خزانہ اس غلط فہمی میں مبتلا ہے کہ عوام ٹیکس کا مزید بوجھ اٹھا سکتے ہیں

اسلام آباد ——— پاکستان انسٹیٹیوٹ آف پالیسی اسٹڈیز کے چیئرمین اور منصوبہ بندی کمیشن کے سابق ڈپٹی چیئرمین پروفیسر خورشید احمد نے کہا ہے کہ اصل ضرورت اسلام اور غریبی کے مجموعی ... ملک کی دولت میں ان کا جائز حق ... ایک اخباری بیان میں انہوں ...

آئندہ ماہ ملیت آباد سے پاکستانیوں کو برطانیہ میں داخل ہونے سے روک دیا گیا

لندن ——— (پ پ) سرکاری ذرائع کے مطابق برطانوی حکومت نے گزشتہ آٹھ ماہ کے دوران ایک ہزار ایک سو پچاسی پاکستانیوں کو ملک میں داخل ہونے کی اجازت دینے سے انکار کیا اور ان کو واپس پاکستان بھیج دیا گیا ان لوگوں میں وہ پاکستانی شامل نہیں جن کو سکاٹ لینڈ کی بندرگاہوں سے واپس بھیجا گیا ہے گزشتہ سال اکتوبر میں ایسے افراد کی تعداد ایک سو بیس نومبر میں اکاسی اور دسمبر میں چھیاسٹھ تھی اس سال جنوری میں باسٹھ پاکستانیوں کو واپس بھیجا گیا جبکہ فروری میں ایسے افراد کی تعداد چھیاسٹھ اور مارچ میں آٹھ تھی اپریل میں پانچ سو پندرہ اور مئی میں ... پاکستانیوں کو داخلے کی اجازت نہیں ملی۔

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق برطانیہ میں ... پاکستانی کو ملک میں داخلے کی اجازت نہیں ملتی۔ اجازت نہ ملنے کی کم از کم پچیس وجوہات بیان کی جاتی ہیں۔ ... متعلقہ افراد کے پاس برطانوی سفارت خانے اور قونصل خانے کی باقاعدہ تصدیق نہ ہو۔

قصوری خاندان کا کوئی شخص ملک سے باہر نہیں جائے گا: شیر علی خان

لاہور ——— ... نواب محمد احمد خان مرحوم کے بیٹے صاحبزادہ شیر علی خان ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ ان کے مطابق احمد رضا خاں یا خاندان کے کسی بھی فرد کے بیرون ملک جانے کی خبر غلط اور بے بنیاد ہے آج ... یہ بیان ایک غیر معروف گروپ ... بیان ... نواب محمد احمد خان قصوری ... نواب محمد احمد خان قصوری کے قتل ... انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کے ... باپ اپنے بیٹے کی سزا بھگتنے کے لئے تختہ دار کی جانب جارہا ہے ... نواب محمد احمد خان کے قاتل ... شیر علی خان نے کہا کہ ہم پاکستان کے رہنے والے ہیں ہم یہیں جیئیں گے اور یہیں مریں گے۔

متناسب نمائندگی کی تجویز سے عوام غیر ضروری باتوں میں الجھ جائیں گے

اس پیچیدہ نظام سے پاکستان کا کوئی مسئلہ حل نہ ہوگا: پیر پگاڑہ

کراچی ——— (پ پ) پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ پیر صاحب پگاڑہ نے متناسب نمائندگی کی تجویز کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایسے وقت میں جب کہ ملکی مسائل پر فوری توجہ دینے کی ضرورت ہے یہ تجویز پوری قوم کو غیر ضروری باتوں میں الجھانے کی ایک کوشش ہے ... ایک اخباری بیان میں انہوں نے کہا کہ پاکستان جن مسائل سے آج کل دوچار ہے وہ زیادہ تر اخلاقی، سیاسی اور اقتصادی ہیں انتخابی نہیں ...

... صدر ضیاء الحق کے خطوط کی کاپیاں تمام ذیلی سربراہوں کو روانہ کی ہیں تاکہ اس ضمن میں جماعتوں کی ورکنگ کمیٹی کی رائے معلوم کی جا سکے۔

پیر صاحب پگاڑہ نے کہا کہ اس موقع پر اکثریتی اصول کے نظام کی بجائے پاکستان میں متناسب نمائندگی کی تجویز میرے لئے حیران کن ہے پاکستان مسلم لیگ کے سربراہ نے کہا کہ متناسب نمائندگی کے سلسلے میں ...

مسئلہ کشمیر پر بات چیت صرف شملہ سمجھوتے کے تحت ہوسکتی ہے: اندرا گاندھی

مشرقی پاکستان میں بھارت کی فوجی مداخلت بلا جواز نہیں تھی

کراچی ——— (پ پ) بھارت کی سابق وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر پر بات چیت صرف شملہ سمجھوتے کے تحت ہی ہو سکتی ہے انہوں نے سابق مشرقی پاکستان میں بھارت کی فوجی مداخلت کو درست قرار دیا اور کہا کہ اب ماضی کو فراموش ہی کر دینا بہتر ہوگا کیونکہ دنیا کے حالات ...

... تو بھارت وہاں اپنا اثر ... سرکاری مسز اندرا گاندھی نے جواب دیا ... بلکہ بھارت نے ۱۹۷۱ء ... کیا وہ صرف اصولوں کی بنیاد پر ... مسز اندرا گاندھی نے یہ بات ... ملک کے عوام نے بھارت کے لوگوں سے نفرت کرنا شروع کر دی ہے۔

اوپیک ممالک نے پاکستان سمیت ۱۶ ممالک کو ۲۱ کروڑ ڈالر کی رقم تقسیم کی ہے

اسلام آباد ——— (پ پ) تیل برآمد کرنے والے ممالک کی تنظیم اوپیک نے اپنے خصوصی فنڈ سے ۱۹۷۸ء میں ۱۶ ممالک کو ۲۱ کروڑ ڈالر کی رقم تقسیم کی ہے جن ممالک کو یہ رقم دی گئی ان میں پاکستان بھی شامل ہے یہ خصوصی فنڈ اوپیک میں شامل ۱۳ ممالک نے ۱۹۷۶ء میں قائم کیا تھا تاکہ ترقی پذیر ممالک کو آسان شرائط پر مالی تعاون فراہم کیا جائے یہ بلا سود قرضہ ۲۰ سال میں قابل واپسی ہے اور اس مدت میں پانچ برس کی رعایتی مدت بھی شامل ہے۔

بھارت نے پاکستانی ٹیم کے دورے کی منظوری دیدی

کراچی ——— (ریڈیو رپورٹ) بھارت کے کرکٹ کنٹرول بورڈ نے اس سال کے آخر میں پاکستان کی کرکٹ ٹیم کے دورے کی منظوری دے دی ہے۔ بورڈ کے سیکرٹری غلام احمد نے آج نئی دہلی میں کہا کہ بورڈ اب بھارتی حکومت سے درخواست کرے گا کہ وہ دورے کی اجازت دیدے پاکستان اور بھارت کے درمیان چھ ٹیسٹ ہوں گے جو بنگلور، دہلی، بمبئی، کلکتہ، مدراس اور کانپور میں کھیلے جائیں گے جبکہ تین روزہ میچ ... جالندھر ... اور حیدرآباد میں ہوں گے۔

ایران نے اسلحہ کی خریداری کے تمام معاہدے منسوخ کر دیئے

نیویارک ——— (پ پ) ... شاہ ایران کی معزولی کے بعد ایرانی حکومت نے امریکہ سے اسلحہ کی خریداری کے معاہدے منسوخ کر دیئے ہیں۔ نیویارک ٹائمز کی ایک خبر کے مطابق پنٹاگون ایران سے ... رقم ... ڈالر ... حاصل کرنے کیلئے ... آرڈر منسوخ ہونے کی صورت میں اسلحہ ساز کمپنیوں کو دیئے جا سکیں۔

گروسری، سبزیاں، مصالحہ جات

تازہ حلال گوشت

بازار سے مقابلتاً سستے داموں ہم سے طلب فرمائیں

Tel. 762-1633

ALFLAH GROCER

2774 Dundas St. West

Toronto, Ont.

Luncheon Special Between 12 - 2.30 P.M.

لذیذ کھانوں کے لیئے لالہ زار تشریف لائیے۔

گوشت حلال اور سروس بہترین!

LALAZAR RESTAURANT

429 A Donlands Avenue

(near Donlands Cinema)

Tel 421-1770

We cater for private Parties

ہمایوں گوہر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

"مساوات" نے الطاف گوہر کی کردار کشی کی ہے

اس اخبار کی پارٹی کو قتل میں خصوصی مہارت حاصل ہے، ہمایوں گوہر

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) ماہنامہ "الفتح" کے ... پاکستان لمیٹڈ کے چیئرمین جناب ہمایوں گوہر نے ایک خبر رساں ایجنسی کی جانب سے جاری کردہ اس خبر کو من گھڑت اور کردار کشی قرار دیا ہے جو آج مقامی اخبارات میں ... انہوں نے کہا کہ ... اس خبر کے ذریعے ... جناب الطاف گوہر ... انہوں نے کہا کہ مساوات جس پارٹی کا اخبار ہے اس نے لوگوں کو قتل کرنے میں خصوصی مہارت حاصل کی ہے، اور حقیقت یہ ہے کہ یہ خبر ایک بیمار ذہن کی اختراع ہے اور اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ جناب الطاف گوہر کے کردار کو داغدار کیا جائے۔

غلام مصطفےٰ کھر
نے لندن میں
ریسٹورنٹ
میں
نوکری کرلی

اسلام آباد ۔۔۔ ... پنجاب کے سابق گورنر اور پیپلز پارٹی کے لیڈر غلام مصطفےٰ کھر نے جو آج کل لندن میں ہیں یہاں ایک بھارتی سندھی کی ملکیت ریسٹورنٹ میں نوکری کرلی ہے، یہ ریسٹورنٹ ویسٹ منسٹر کے علاقے میں واقع ہے۔

کل وزارت ۔۔۔ آج مخالفت

کراچی ۔۔۔ (نمائندہ خصوصی) پاکستان پیپلز پارٹی کے ...

ایک پاکستانی طالب علم کی نظم مصر کی شخصیات

قاہرہ ۔۔۔ ۸ اے پی پی) قاہرہ یونیورسٹی میں زیر تعلیم ایک پاکستانی طالب علم خالد عباس الاسعدی نے "مصر کی شخصیات" کے زیر عنوان منعقدہ عربی مشاعرے میں انعام حاصل کیا ہے ... یونیورسٹی کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی غیر ملکی طالب علم کو ایسا کوئی انعام دیا گیا ہے ... قاہرہ میں پاکستان کے فوجی اتاشی کی اہلیہ بیگم صادقہ قاسمی، قاہرہ یونیورسٹی کے پروفیسر ... اور ... اہم ہی عربی نظم کی ترویج و ترقی میں بھرپور کردار ادا کر رہے ہیں۔

سرپرست سکیم کے تحت جائزہ نہ ہونے کے بارے میں سٹیٹ بنک کے حکام کا موقف

لاہور ۔۔۔ (وقائع نگار) پنجاب کے ... سٹیٹ بنک آف پاکستان لاہور کے سرپرست سکیم کے تحت ...



کیپٹن خان اپنی محفل ... میں ... سے ... انعام الرحمن علوی (بائیں جانب) بھی شامل ہیں

انعام الرحمن علوی نے جنرل یحییٰ کی مدد سے اپنے حقیقی بھائی کے بنک اور بیمہ کمپنی پر قبضہ کیا تھا

جنرل یحییٰ، جنرل حمید اور دوسرے جنرلوں نے سنگین نتائج کی دھمکیاں دے کر کاغذات پر جبراً دستخط کرائے

اور اسٹینڈرڈ بنک و بیمہ کمپنی کی ملکیت عطاء الرحمن علوی سے انعام الرحمن علوی کو منتقل ہوگئی

کراچی ۔۔۔ (اسٹاف رپورٹر) سابق اسٹینڈرڈ بنک اور اسٹینڈرڈ انشورنس کمپنی لمیٹڈ کے بانی جناب عطاء الرحمن علوی نے اپنے چھوٹے بھائی انعام الرحمن علوی کے خلاف ... سندھ ہائیکورٹ میں ...

جنرل یحییٰ نے جنرل حمید کے سرکاری ہیڈ کوارٹر پر ...

...

...

کیپٹل ٹریول اینڈ کیپیٹل ٹریڈرز

IATA

صرف ۹۱۸ ڈالر میں حج ۔ کراچی اور ٹورانٹو واپسی

ٹی وی، فریج اور کار وغیرہ کے مفت کتابچہ کیلئے فون کیجئے

FOR FURTHER INFORMATION CALL YOUR NEAREST OFFICE

Toronto: (416)465-5411

Windsor: (519)256-0654

DETROIT: 963-3626

744 Broadview Avenue

Toronto M4K 2P1

Tel. 465-5411 465-5412

مسلم لیگ پگارا گروپ قیوم گروپ اور نیشنل ڈیموکریٹک پارٹی نے متناسب نمائندگی کی تجویز مسترد کر دی

اس طریق انتخاب سے عام انتخابات کے بارے میں شبہات پیدا ہوں گے

تجویز غیر ضروری ہے، پگارا گروپ پنجاب زون کی مجلس عاملہ کا اعلان

لاہور — (اپنے شاف رپورٹر سے) مسلم لیگ پگارا گروپ پنجاب زون کی مجلس عاملہ نے متناسب نمائندگی کے طریق انتخاب کی تجویز کو مسترد کر دیا ہے۔

صدر جنرل محمد ضیاء الحق نے بجٹ پر نظر ثانی کے لئے جو ماہرین کی کمیٹی قائم کی تھی اس کی سفارشات شائع کرنے کا مطالبہ کیا گیا۔ ایک قرارداد میں کہا گیا ہے کہ صدر مملکت نے چونکہ ...

نئے نظام کے تحت ون یونٹ کے قیام کا اندیشہ بے بنیاد ہے

صوبائی خود مختاری متاثر نہیں ہوگی، بیشتر سیاسی جماعتوں نے متناسب نمائندگی کا وعدہ کر رکھا ہے

ہم اپنے غیر ملکی دورے میں متناسب نمائندگی کے نظام کے ہر پہلو کا جائزہ لیں گے

اسلام آباد — ...

بھٹو کے متعلق فلم کی تیاری

لندن — ...

مولانا مودودی کی صحت بہتر ہو رہی ہے



لاہور — ...

امریکہ اور پاکستان کے درمیان اختلافات جلد دور ہو جائیں گے

پاکستان کا ایٹمی پروگرام پُرامن مقاصد کیلئے ہے، سلطان محمد خاں کا امریکی کانگرس کے ارکان سے خطاب

ہم کھلے دل سے ساتھ پاکستان کے دورے پر جا رہے ہیں۔ امریکی قائد وفد

واشنگٹن — ...

جسٹس حمود الرحمٰن

زیڈ اے سلیری پی پی ایل کے چیف ایگزیکٹو اور پاکستان ٹائمز کے چیف ایڈیٹر مقرر کر دیئے گئے

راولپنڈی — ...

جئے سندھ فیڈریشن شیخ مجیب کی برسی منائے گی

حیدرآباد — ...



ایلس انٹرنیشنل

ہمارے شمالی امریکہ میں ایک جانا پہچانا نام

AALICE INTERNATIONAL
20 Grand River Court
Bramalea, Ont., L6S 2S8
Tel: (416) 791-8496

Please Visit For

Halal Meat & Spices

حلال گوشت اور مرغیاں

نہایت سستے داموں پر مہیا کی جاتی ہیں

ٹورانٹو میں حلال گوشت کی

پہلی دوکان

AFRO ASIAN

918 PAPE AVENUE
TORONTO

PHONE: 463-1287

بلدیاتی انتخابات ستمبر میں منعقد کرانے کی تیاریاں مکمل

انتخابات غیر سیاسی بنیادوں پر ہونگے سیاسی جماعتوں کا بائیکاٹ کارگر نہ بن سکے گا

سندھ اور پنجاب میں بلدیاتی اداروں سے متعلق آرڈیننس جاری کیے جا چکے ہیں

ٹیلیویژن پر پروپیگنڈے کا دوبارہ اجراء بھی معنی خیز ہے۔ سیاسی مبصرین

لاڑکانہ ائیرپورٹ پر سیکورٹی فورس کی غنڈہ گردی شہری ہوابازی کے عملے نے ہڑتال کر دی

طیاروں کی پروازیں تین گھنٹے تک تاخیر کا شکار۔ گارڈ نے ایک فائر مین کو بٹ مار کر زخمی کر دیا تھا۔ اعلیٰ حکام کی مداخلت پر ۱۳ گھنٹے بعد ہڑتال ختم۔ گارڈ برطرف

گارڈ حملہ نہ کرتا تو فوجی طیارے کے کپتان کی جان بچ جاتی

متبادل ذرائع استعمال کرنے کے باوجود طیارہ جل کر خاکستر ہو گیا

جسٹس حمود الرحمٰن کی قیادت میں پانچ رکنی وفد کولمبو روانہ ہو گیا

رجعت پسند عوام کا سامنا نہیں کر سکتے

امریکہ نے پاکستانی کپڑے کی درآمد کا کوٹہ بڑھا دیا

حنیف محمد

عظیم کھلاڑی

سیریز	ملک	ٹیسٹ	رنز	زیادہ سے زیادہ	اوسط	سنچری	نصف سنچری	کیچ
۱۹۵۲ء	بھارت	۵	۲۸۷	۹۶	۳۱٫۸۸	—	۳	۴
۱۹۵۴ء	انگلستان	۴	۱۸۱	۵۱	۲۲٫۶۲	—	۱	۴
۱۹۵۵ء	بھارت	۵	۲۶۳	۱۴۲	۴۳٫۸۳	۱	—	۲
۱۹۵۵ء	نیوزی لینڈ	۳	۱۵۱	۱۰۳	۳۷٫۷۵	۱	—	۳
۱۹۵۶ء	آسٹریلیا	۱	۵	۵	۲٫۵۰	—	—	—
۱۹۵۸ء	ویسٹ انڈیز	۵	۶۲۸	۳۳۷	۶۹٫۷۷	۱	۳	۳
۱۹۵۹ء	ویسٹ انڈیز	۱	۱۰۸	۱۰۳	۱۰۸٫۰۰	۱	—	۲
۱۹۵۹ء	آسٹریلیا	۳	۳۰۴	۱۰۱	۶۰٫۸۰	۱	۳	—
۱۹۶۰-۶۱ء	بھارت	۵	۴۱۰	۱۶۰	۵۱٫۲۵	۱	۳	۱
۱۹۶۱-۶۲ء	انگلستان	۳	۴۰۷	۱۱۱	۶۷٫۸۳	۲	۲	۱
۱۹۶۲ء	انگلستان	۵	۱۷۷	۴۶	۱۷٫۷۰	—	—	۳
۱۹۶۴ء	آسٹریلیا	۱	۴۲	۴۰	۲۱٫۰۰	—	—	—
۱۹۶۴ء	آسٹریلیا	۱	۱۹۷	۱۰۴	۹۸٫۵۰	۱	۱	۵
۱۹۶۵ء	نیوزی لینڈ	۳	۱۹۳	۱۰۰*	۴۸٫۲۵	۱	—	—
۱۹۶۵ء	نیوزی لینڈ	۳	۲۲۰	۲۰۳*	۱۱۰٫۰۰	۱	—	۳
۱۹۶۷ء	انگلستان	۳	۲۲۸	۱۸۷*	۵۷٫۰۰	۱	—	۳
۱۹۶۹ء	انگلستان	۳	۴۶	۳۳*	۱۵٫۳۳	—	—	۵
۱۹۶۹ء	نیوزی لینڈ	۱	۵۷	۳۵	۲۸٫۵۰	—	—	۱
		۵۵	۳۹۱۵	۳۳۷	۴۳٫۹۸	۱۲	۱۵	۴۰

کریسنٹ
ٹورانٹو کنیڈا
ہفت روزہ انٹرنیشنل

اسلامی اقدار و بیرون وطن پاکستانیوں کا ترجمان - شمالی امریکہ میں اردو کا سب سے پہلا اور کثیرالاشاعت اخبار

جلد ۸ | ۲۲ رمضان ۱۳۹۹ھ | ۱۵ اگست ۱۹۷۹ء | شمارہ: ۱۱

۱۴ اگست

لا الہ الا اللہ

کا حقیقی مفہوم مجھ پر آج کے دن واضح ہوا

عبدالحئی قریشی

زندگی میں کچھ واقعات ایسے بھی رونما ہوتے ہیں جن کو اگر کوشش بھی کی جائے تو بھلایا نہیں جا سکتا ان واقعات کے نقوش کبھی مدھم کبھی واضح طور پر ذہن کے پردوں پر منعکس ہوتے ہیں لیکن کبھی کبھی ایسے واقعات بھی زندگی میں رونما ہوتے ہیں جن کی تفصیل بعد میں یاد رہتی ہے جیسے ...

[illegible]

وہ لڑکی کون تھی؟

میں اس کو سلام کرتا ہوں

[illegible]

میں نے اپنی آنکھوں سے آزادی کی قیمت ادا ہوتے دیکھی

[illegible]

Please subscribe to the CRESCENT, a Pakistani English/Urdu Newspaper in regular print for the last 8 years.

SUBSCRIPTION RATES:

1 Year ... $8.00 (US Air Mail $10.00)
2 Years ...$14.00 (US Air Mail $17.00)
6 Months ... $5.00 (US Air Mail $6.00)
Anywhere else for 1 Year, By Air Mail $14.00

Crescent

کریسنٹ ٹورانٹو

338 Hollyberry Trail
Willowdale, Ontario
Canada M2H 2P8
Telephone: (416) 493-4374

Name ....

Address ....

....

Postal Code ....

Telephone No. ....

PLEASE MAKE CHEQUES PAYABLE TO "CRESCENT"